© rasailojaraid.com

پروفیسر اسلم انصاری

اے شبستانِ حرا!

[نعتیہ]

اے شبستانِ حرا!
اے دلِ سنگ میں ٹھہرے ہوئے اک نقشِ جمیل
اے کہستانِ جمادات میں جاگی ہوئی تقدیر کی لَو
اے نہاں خانۂ ہستی کے خزینوں کی ضیا
اے دلِ آدم و عالم کی دُعا
اے شبستانِ حرا!
صُبحِ آفاق نے مانگی تھی ترے ذرّوں کی نادیدہ کرن
تُو نے سیکھا تھا ازل سے درِ امکاں کی طرح وا رہنا
کہکشائیں تری دہلیز سے گزری ہیں زمانوں کی طرح
اور ــــ زمانے، جو سال میں ــــ
سانس روکے ہوئے
اور سر کو جھکائے ہوئے، آتے ہیں یہاں
فیضِ روانی کے لیے
سب عبارات و اشارات ہیں خاموش یہاں
حسنِ معانی کے لیے!
اے شبستانِ حرا!
اے لبِ ہستی کی دُعا
اے دلِ آدم و عالم کی تمنا کی مثیل
اے گزرتی ہوئی آنات میں اِک قائم و دائم کی دلیل
تو وہ خوش بخت کہ اُس مہرِ جہاں تاب نے بخشا تجھے جلووں کا ہجوم
حسنِ انفاس کا تنزیہہ و تعطّرتری محراب کو فردوس نما کرتا تھا،
تیرے دامن میں ہوا صُبحِ رسالت کا طلوع ــــ
اے دلِ آدم و عالم کی دُعا
اے شبستانِ حرا! اے شبستانِ حرا!

© rasailojaraid.com